AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 بدھ 16 رمضان المبارک 1445ھ 27 مارچ 2024ء 14 چیت 2079ب شمارہ نمبر 282

شانگلہ، بشام کے مقام پر گاڑی پر مبینہ خودکش دھماکہ، 5 چینی باشندوں سمیت 6 افراد ہلاک

خودکش حملہ آور نے بارود سے بھری گاڑی چینی انجینئرز کے قافلے سے ٹکرادی جو اسلام آباد سے صوبہ خیبرپختونخوا کے علاقے داسو میں اپنے کیمپ کی جانب جا رہے تھے، خودکش دھماکے کے بعد بس کھائی میں گرگئی اور اس میں آگ لگ گئی

دھماکے میں ہلاک ہونے والوں میں 5 چینی باشندوں کے علاوہ اُن کا ایک مقامی ڈرائیور بھی شامل، حملہ آوروں نے بارود سے بھری گاڑی مسافروں کی گاڑی سے ٹکرائی، گاڑی پر حملے میں کئی افراد زخمی بھی ہوئے، ڈی آئی جی مالاکنڈ

شانگلہ (این این آئی) شانگلہ میں بشام کے مقام پر گاڑی پر مبینہ خودکش دھماکے کے نتیجے میں 5 چینی باشند ہلاک اور ایک پاکستانی ڈرائیور جاں بحق ہوگیا۔ ڈی آئی جی مالاکنڈ نے بتایا کہ حملہ آوروں نے بارود سے بھری گاڑی مسافروں کی گاڑی سے ٹکرائی، گاڑی پر حملے میں کئی افراد زخمی بھی ہوئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دھماکے میں ہلاک ہونے والوں میں 5 چینی باشندوں کے علاوہ اُن کا ایک مقامی ڈرائیور بھی شامل ہے۔ ریجنل پولیس چیف محمد علی گنڈاپور نے غیرملکی خبر رساں ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ایک خودکش حملہ آور نے بارود سے بھری گاڑی چینی انجینئرز کے قافلے سے ٹکرادی جو اسلام آباد سے صوبہ خیبرپختونخوا کے علاقے داسو میں اپنے کیمپ کی جانب جا رہے تھے۔ محمد علی گنڈاپور نے بتایا کہ خودکش دھماکے کے نتیجے میں 5 (بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم کی زیرصدارت کابینہ کا اجلاس آج ہوگا' ایجنڈا جاری

مالی سال 2023-24 کی وسط مدتی بجٹ رپورٹ کا جائزہ لیا جائیگا' رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) بدھ 27 مارچ کو ہوگا جس کا 4 نکاتی ایجنڈا جاری کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں مالی سال 2023-24 کی وسط مدتی بجٹ رپورٹ کا جائزہ لیا جائے گا۔ اجلاس میں مالی سال 2021..22 کیلئے وفاقی، صوبائی اور ضلعی حکومتوں کی کمبائنڈ مالیاتی رپورٹس پیش کی جائیں گی۔ پیپرا کی (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، صدر مملکت سے وزیراعظم شہباز شریف ملاقات کرر ہے ہیں

ملک کو معاشی لحاظ سے مستحکم کریں گے، وزیراعظم

جس قوم کی معیشت مضبوط ہوتی ہے اس کی آواز سنی جاتی ہے، ایف بی آر کی تنظیم نو کر رہے ہیں اور اگلے مہینے کنسلٹنٹس بھی تعینات کرلیے جائیں گے، ہمیں اس کام کیلئے وقت درکار ہے، مہنگے تیل سے بجلی کی پیداوار کو بتدریج ختم کرنا ہوگا' شہباز شریف

محصولات کا ہدف 9 کھرب، منفرد ٹیکس پالیسی لانی ہوگی، ہمیں قرضوں کے پہاڑ کو ختم کرنا ہوگا، ہمیں ٹیکس سلیب کو کم کرنا چاہیے، اگلے مہینے آئی ایم ایف کی آخری قسط آجائے گی اور اس کے بعد ہمیں ایک اور آئی ایم ایف پروگرام میں جانا ہے' خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ جس قوم کی معیشت مضبوط ہوتی ہے اس قوم کی آواز سنی جاتی ہے، ایف بی آر کی تنظیم نو کر رہے ہیں اور اگلے مہینے کنسلٹنٹس بھی تعینات کرلیے جائیں گے، ہمیں اس کام کیلئے وقت درکار ہے، مہنگے تیل سے بجلی کی پیداوار کو (بقیہ نمبر 33)

اچھا بھلا اتحاد چل رہا ہے، رانا ثنا کیوں خراب کرنا چاہتے ہیں' علی حیدر

رانا ثنا ارسا کا قانون پڑھ لیں، واضح لکھا ہے صوبوں کی مشاورت سے ہی چیئرمین کا تقرر ہوسکتا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے پنجاب اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر علی حیدر گیلانی نے کہا ہے کہ ہمارا اچھا بھلا اتحاد چل رہا ہے رانا ثنا اس کو کیوں خراب کرنا چاہتے ہیں۔ پنجاب اسمبلی آمد کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رانا ثنا ارسا کا قانون پڑھ لیں جس میں واضح (بقیہ نمبر 30)

امارات میں تقریب، ایم کیو ایم کے تمام دھڑے ایک چھت تلے یکجا

دبئی (این این آئی) متحدہ اعرب امارات (یو اے ای) میں یوم پاکستان کی تقریب کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، وفاقی وزیر ہوابازی خواجہ آصف اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

ملکی ترقی کے لیے براہ راست ٹیکس اور برآمدی شعبہ ناگزیر ہیں، وزیر خزانہ

ڈیجیٹلائزیشن سے محصولات میں اضافہ اور نظام میں شفافیت آئے گی، پیداواری صلاحیت میں اضافے کے ساتھ برآمدات کو بڑھانا ہے

ٹیکس دینے والے ہمارے قومی ہیروز ہیں، حکومت ہر وقت ان کی خدمت کیلئے حاضر رہے گی' محمد اورنگزیب کا ایوارڈز کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ٹیکس دینے والے ہمارے قومی ہیروز ہیں، ملک کی ترقی کے لیے براہ راست ٹیکس اور برآمدی شعبہ ناگزیر ہیں، ڈیجیٹلائزیشن سے محصولات میں اضافہ اور نظام میں شفافیت آئے گی۔ منگل کو زیادہ ٹیکس دینے والے افراد، کمپنیوں اور (بقیہ نمبر 3)

وزیر پٹرولیم سے ترکمانستان کے سفیر کی ملاقات، تاپی منصوبہ سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک سے ترکمانستان کے سفیر عطاجان مولاموف نے ملاقات کی جس میں (بقیہ نمبر 5)

پرنسپل ایچی سن کالج سے اظہار یکجہتی کیلئے طلبہ کے والدین کا مظاہرہ

پرنسپل کو عہدے پر بحال، شفاف انکوائری، گورنر کے غیر قانونی اقدامات کو واپس لیا جائے' مظاہرین کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) پرنسپل ایچی سن کالج سے اظہار یکجہتی کیلئے طلبہ کے والدین نے گورنر ہاؤس کے باہر مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے پرنسپل ایچی سن کالج سے یکجہتی کے اظہار کی تحریر پر مبنی پوسٹرز اٹھا رکھے تھے جبکہ اس موقع پر ان کے حق میں نعرے بھی لگائے گئے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ پرنسپل کو (بقیہ نمبر 4)

پنجاب میں 100 فیصد مفت ادویات کی فراہمی جلد شروع کردی جائیگی، مریم نواز

48 لاکھ سے زائد رمضان نگہبان پیکیج تقسیم ہوچکے، طلبہ کو لیپ ٹاپ اور ٹیبلٹس بھی دیئے جائیں گے، فیصل آباد میں 100 سپیڈو اور میٹرو بس بھی لا رہے ہیں' وزیراعلیٰ پنجاب

کسی شہر کے دورے کے دوران دکانیں اور مارکیٹیں بند نہیں کی جائیں گی، نقل و حرکت کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھی جائے گی' پرنسپل سیکرٹری نے مراسلہ جاری کردیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں 100 فیصد مفت ادویات کی فراہمی کا عمل جلد شروع کردیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور لیگی قائد میاں نواز شریف سے فیصل آباد کے اراکین کے قومی و صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی جس میں حلقوں کے مسائل کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ فیصل آباد میں نوجوان کی ڈور پھرنے سے ہلاکت کا واقعہ بہت تکلیف دہ ہے اس کو نظر انداز نہیں کر سکتے، دھاتی ڈور بنانے، بیچنے اور خریدنے والوں کیخلاف سخت کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فیصل آباد میں ترقیاتی کاموں سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ فیصل آباد میں 100 سپیڈو اور میٹرو بس بھی لا رہے ہیں، کم آمدن والے ایک لاکھ گھروں میں فیصل آباد بھی شامل ہے، پنجاب حکومت عوام کی حکومت (بقیہ نمبر 31)

بلوچستان، تربت میں نیول ایئربیس پر حملہ ناکام، 4 دہشت گرد ہلاک، ایک سپاہی شہید

25 اور 26 مارچ کی درمیانی شب دہشت گردوں نے حملہ کی کوشش کی' مسلح افواج ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ہر قیمت پر ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

سکیورٹی فورسز کی بروقت مؤثر کارروائی سے دہشت گرد جہنم واصل ہوئے، ہم ایک بڑے نقصان سے بچ گئے، وزیراعظم، وزیر داخلہ' حملہ ناکام بنانے پر فورسز کو خراج عقیدت پیش

کوئٹہ / راولپنڈی / اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے شہر تربت کے قریب نیول ایئربیس پی این ایس صدیق پر گزشتہ شب رات دیر گئے مسلح دہشت گرد حملے کو سکیورٹی فورسز نے ناکام بنادیا، حملے میں ایک سپاہی شہید ہوگیا، جوابی کارروائی میں 4 دہشت گرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ 25 اور 26 مارچ کی درمیانی شب دہشت گردوں نے تربت میں پاکستان نیول بیس پی این ایس صدیق پر حملہ کی کوشش کی جسے سکیورٹی اہلکاروں نے موثر جوابی کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا۔ بحری دستوں کی مدد کے لیے اطراف میں موجود سکیورٹی فورسز کو فوری طور پر متحرک کیا گیا، مسلح افواج کی مربوط اور موثر جوابی کارروائی کے دوران مشترکہ کلیئرنس آپریشن میں چاروں دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا تاہم شدید فائرنگ (بقیہ نمبر 6)

وفاقی وزیر پٹرولیم مصدق ملک سے ترکمانستان کے سفیر ملاقات کرر ہے ہیں

ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات میں فروری کے دوران 23 فیصد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات میں فروری کے دوران (بقیہ نمبر 7)

فروری کے دوران سوتی ملبوسات کی برآمدات میں 12 فیصد کا اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (این این آئی) سوتی ملبوسات کی برآمدات میں فروری کے دوران (بقیہ نمبر 8)

چیئرمین واپڈا کی این ٹی ڈی سی کو تکنیکی معاونت فراہم کرنے کی پیشکش

وفاقی وزیر نے منصوبوں کی بروقت تکمیل کرنے کیلئے این ٹی ڈی سی کو ہدایات جاری کردیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان نے چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غنی سے ملاقات کی جس میں واپڈا کے بجلی کے زیر تعمیر منصوبوں کی جلد تکمیل کے امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر نے واپڈا کے منصوبوں (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

کسی کو بنیادی حقوق سے محروم نہیں رکھا جاسکتا' اپیلٹ ٹریبونل

صنم جاوید اہل قرار' عمر سرفراز چیمہ بھی جیل میں ہیں، الیکشن لڑنے کی اجازت دینے کا تحریری فیصلہ

لاہور (این این آئی) اپیلٹ ٹریبونل نے صنم جاوید کو سینیٹ کا الیکشن لڑنے کی اجازت دینے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ اپیلٹ ٹریبونل کے جج جسٹس شاہد بلال حسن نے صنم جاوید کی اپیل (بقیہ نمبر 29)

انروا غزہ میں شہریوں کے لیے آخری سہارا ہے، گوتریس

جنہوں نے انروا کی فنڈنگ روکنے کا فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنے موقف سے پیچھے ہٹ جائیں، پریس کانفرنس

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے اقوام متحدہ کی ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی (UNRWA) پر لگاتار اسرائیلی الزامات اور حملوں کے بعد ایجنسی کے حوالے (بقیہ نمبر 28)

ایک دو سال مشکل سہی، آسودگی کا وقت ضرور آئے گا، نواز شریف

سب کو ملکر ملک کو مشکل سے نکالنا ہوگا' قبضہ کرنیوالوں نے ملک کیساتھ جو کیا سب نے دیکھا، ن لیگ کو اب اپنی سیاسی میراث حاصل کرنی ہے

سب مل کر پاکستان کو دوبارہ اپنے مقام پر لائیں گے، ہماری حکومت کو نہ ہٹایا جاتا تو پاکستان ترقی کی بلندیوں پر ہوتا' قائد ن لیگ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد و سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے کہا ہے کہ ایک دو سال مشکل سہی، آسودگی کا وقت ضرور آئے گا، سب کو مل کر ملک کو مشکل سے نکالنا ہوگا۔ قائد مسلم لیگ (ن) و سابق وزیراعظم نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے فیصل آباد ڈویژن کے ارکان قومی و صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے کہا کہ فیصل آباد میں ڈور پھرنے سے (بقیہ نمبر 9)

مجھے جیل میں رکھنا ہے تو رکھیں مگر باقی لوگوں کو رہا کر دیا جائے، عمران خان

اصل سائفر دفتر خارجہ میں موجود، ہمیں پیرافریز کاپی دی گئی تھی، سائفر گم ہوا تو وزیراعظم اپنے آفس کا چوکیدار نہیں ہوتا، کچھ سکیورٹی پروٹوکول ہوتے ہیں

دھاندلی زدہ الیکشن کے باعث صدر اور سینیٹ الیکشن کی کوئی حیثیت نہیں، پنجاب میں 40 ایم پی ایز کے فارورڈ بلاک سے متعلق علم نہیں، بانی پی ٹی آئی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی نے کہا ہے کہ اصل سائفر دفتر خارجہ میں موجود ہے، ہمیں پیرافریز کاپی دی گئی تھی۔ اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ سائفر گم ہوا تو وزیراعظم اپنے آفس کا چوکیدار نہیں ہوتا، وزیراعظم آفس کے کچھ سکیورٹی پروٹوکول ہوتے ہیں۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ ڈونلڈ لو کے بیان پر دوبارہ انکوائری کروائی جائے، امریکی سفیر ملنے جیل نہیں آئے، امریکی سفیر سے (بقیہ نمبر 26)

پی ٹی آئی کی تعلیمی ادارے کی تباہی کی کوششوں کی شدید مذمت

واقعہ کی مکمل تحقیقات کی جائیں، احد چیمہ، گورنر پنجاب سے دیگر بھرپور جواب طلبی کی جائے، ترجمان کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے ملک کے صف اول کے تعلیمی ادارے کی تباہی کی کوششوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ کی مکمل تحقیقات (بقیہ نمبر 10)

وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب سے جاپانی سفیر ملاقات کرر ہے ہیں

9 مئی مقدمات' یاسمین راشد، عمر سرفراز، اعجاز چوہدری کیخلاف چالان پیش

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) سیکرٹریٹ اور شیر پاؤ پل پر اشتعال انگیز تقریر (بقیہ نمبر 11)

جعلی بھرتیوں کا کیس، پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ

لاہور (این این آئی) اینٹی کرپشن عدالت نے جعلی بھرتیوں کے کیس میں تحریک (بقیہ نمبر 12)

ایکس بندش کیخلاف درخواست پر وزارت داخلہ کے مجاز افسر 3 اپریل کو طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایکس بندش کے خلاف صحافی (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری سے چیئرمین واپڈا ملاقات کرر ہے ہیں

ن لیگ' اتحادی جماعتوں کی صوبائی پارلیمانی پارٹیوں کا مشترکہ اجلاس آج ہوگا

اجلاس میں صوبائی بجٹ کی منظوری، سینیٹ انتخابات سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اور اتحادی جماعتوں کی صوبائی پارلیمانی پارٹیوں کا مشترکہ اجلاس آج (بدھ) کے روز ہوگا۔ قبل ازیں صوبائی پارلیمانی پارٹیوں کا مشترکہ (بقیہ نمبر 23)

راشن تقسیم میں مستحقین کی حق تلفی، سرگودھا کے تین پٹواری معطل، تحقیقات کا حکم

سرگودھا (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے نگہبان رمضان (بقیہ نمبر 25)

پی ٹی آئی کی اسلام آباد میں جلسے کی اجازت کی درخواست پر فریقین کو نوٹسز

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی اسلام آباد میں جلسے کی اجازت کی درخواست پر فریقین کو (بقیہ نمبر 24)

ہالینڈ میں کام کرنیوالے پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں معمولی کمی

ترسیلات زر میں مجموعی طور پر سالانہ بنیادوں پر 1.2 فیصد کمی ریکارڈ

لاہور (این این آئی) ہالینڈ میں کام کرنے والے پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 1.1 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے اٹھ ماہ کے دوران ہالینڈ میں کام کرنے والے پاکستانیوں نے 35.9 (بقیہ نمبر 27)

شانگلہ، غیر ملکیوں کی گاڑی پر خودکش دھماکے کے بعد کا منظر

آئی جی پنجاب نے جو خدمات دی ہیں تمغہ تو بنتا تھا' یاسمین راشد

میری درخواست ہے آئی جی پنجاب کے ساتھ ساتھ چیف الیکشن کمیشن کو بھی نوازدو' سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا ہے کہ آئی جی پنجاب نے جس طرح (ن) لیگ کے گھریلو ملازم ہونے کا کردار ادا کیا اس پر انہیں (بقیہ نمبر 19)

صدر مملکت سے وزیراعظم کی ملاقات، مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے ملاقات کی جس میں (بقیہ نمبر 18)

ملک میں تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی

لاہور / کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک میں تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد میں بھی دھاتی ڈور گردن پر پھرنے سے کم عمر بچہ زخمی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی پتنگ کی دھاتی ڈور گردن پر پھرنے سے کم عمر بچہ زخمی ہو گیا۔ پتنگ (بقیہ نمبر 22)

بانی پی ٹی آئی بشریٰ بی بی کو بات کرنے سے روکتے رہے

راولپنڈی (این این آئی) بشریٰ بی بی جیل میں عدالت میں پیش ہونے آئیں تو اس موقع پر بانی پی ٹی آئی بشریٰ بی بی کو صحافیوں سے بات کرنے سے روکتے رہے، وہ بشریٰ بی بی کا بازو پکڑ کر انہیں پیچھے لے گئے۔ بشریٰ بی بی نے کمرہ (بقیہ نمبر 20)

سات بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی آؤٹ سورسنگ میں دلچسپی

خواجہ آصف نے مقامی سرمایہ کاروں کو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کیساتھ جوڑنے کا مشورہ دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) جرمنی، فرانس، نیدرلینڈز، قطر، یو اے ای، ملائیشیا اور ترکی سمیت سات بین الاقوامی سرمایہ کاروں نے آؤٹ سورسنگ میں اپنی دلچسپی ظاہر کر دی جبکہ وفاقی وزیر ہوابازی خواجہ آصف نے مقامی سرمایہ کاروں کو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کیساتھ جوڑنے کا (بقیہ نمبر 21)

صارفین کو بڑا جھٹکا، گیس بلوں میں دی گئی رعایت اور سلیب ختم

ایک ایم ایم بی ٹی یو استعمال پر ٹیکسز کے علاوہ 4 ہزار 501 بل آئیگا' گھریلو، کمرشل صارفین، جنرل انڈسٹری' ایکسپورٹ اور ریٹیڈ کیلئے قیمتیں یکساں ہونگی

چارجز پنجاب، خیبرپختونخوا' اسلام آباد کے صارفین کیلئے ہوں گے' مختلف سلیب استعمال کرنیوالے صارفین کیلئے رعایت بھی ختم کی جائے گی' ذرائع

لاہور (این این آئی) حکومت نے صارفین کو گیس میں دی گئی رعایت اور سلیب ختم کر کے یکساں ریٹ مقرر کر دیئے جس کے تحت صارفین گیس کا چاہے ایک یونٹ جلائیں یا ہزاروں نرخ یکساں چارج کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق ایک ایم ایم بی ٹی یو استعمال کرنے پر ٹیکسز کے علاوہ بل 4 ہزار 501 روپے آئے گا، چارجز پنجاب، خیبرپختونخواہ اور اسلام آباد کے صارفین کیلئے ہوں گے۔ مختلف سلیب استعمال کرنے والے صارفین (بقیہ نمبر 14)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پریس کانفرنس سے خطاب کرر ہے ہیں

خیبرپختونخوا مخصوص نشستوں پر حلف نہ لینے کے مقدمے میں فیصلہ محفوظ

الیکشن کے بعد حلف لینے کا معاملہ بھی الیکشن کمیشن کے دائرہ اختیار میں آتا ہے، ڈائریکٹر جنرل لاء

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے خیبرپختونخوا اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر حلف نہ لینے کے کیس پر فیصلہ محفوظ کرلیا ہے۔ منگل کو چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی (بقیہ نمبر 16)

پاکستانی سفیر مسعود خان کا روسی سفارت خانے کا دورہ

ماسکو میں ہونے والے بزدلانہ دہشت گرد حملے پر اپنے روسی ہم منصب کے ساتھ اظہار تعزیت

اسلام آباد/واشنگٹن (این این آئی) پاکستانی سفیر مسعود خان نے روسی سفارت خانے کا دورہ کر کے دہشتگردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 15)

بسنت کھیل نہیں بلکہ خون کی ہولی ہے اپنی خوشیوں کی خاطر دوسروں کی زندگیوں سے مت کھیلو
پتنگ بازوں نے سپریم کورٹ کے احکامات کو ہوا میں اڑا دیا
پولیس انتظامیہ خاموش تماشائی بنی رہی گلے کٹتے رہے لوگ مرتے رہے لوگ روتے رہے
اللہ کرے یہ تہوار منانے والے اسی اذیت سے دوچار ہوں

لاہور، سول سوسائٹی کے زیراہتمام وکلاء پتنگ بازی کیخلاف احتجاج کرر ہے ہیں

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کی گفتگو

وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی تنظیم نو کی جا رہی ہے، اس حوالے سے وزیراعظم خود اعلان کریں گے، ٹیکس اصلاحات کے حوالے سے جلد خوشخبری آئیگی، غریب عوام پر ٹیکس کا بوجھ کم کریں گے، ٹیکس کا بوجھ وہ اٹھائے گا جس میں بوجھ اٹھانے کی طاقت ہو، ٹیکس نہ دینے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے، اس وقت تمام تر توجہ روپیہ مستحکم کرنے پر ہے اور روپیہ مستحکم ہوتا نظر آرہا ہے، معیشت مستحکم ہوتی نظر آرہی ہے، تحریک انصاف ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، فارورڈ بلاک کی خبریں آرہی ہیں، تحریک انصاف قومی جماعت ہے، رویہ چھوٹے بچوں والا ہے، پی ٹی آئی قومی دھارے میں آئے اور مثبت سیاست کرے، معیشت کے حوالے سے تجاویز دے، گوادر حملے میں ہلاک دہشتگرد لاپتا افراد کی فہرست میں شامل تھا، ہمارا ایک ہدف دہشت گردی کا خاتمہ بھی ہے، ہمیں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر پورا اعتماد ہے، ایچیسن کالج کے پرنسل کے استعفے کے معاملے کو غلط رنگ دیا جا رہا ہے، احمد چیمہ کے بچے 3 سال سے وہاں زیر تعلیم ہی نہیں تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی میں ہم معاشی اصلاحات کے ایجنڈے پر پوری تندہی سے کاربند ہیں، وزیراعظم شہباز شریف روزانہ کی بنیادوں پر معیشت پر اجلاس منعقد کر رہے ہیں، حکومتی توجہ عوام کے مسائل کے حل پر مرکوز ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نجکاری، حکومتی اخراجات میں کمی، ٹیکس اصلاحات، ایف بی آر کی ڈیجیٹلائزیشن، ٹیکس نیٹ میں اضافہ جیسے اقدامات پر ہماری توجہ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ غریب عوام پر ٹیکس کے بوجھ کو کم کریں گے، آنے والے دنوں میں ٹیکس دہندگان کو ایوارڈز سے نوازا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت پاکستان پہلی مرتبہ ٹیکس حجم کو بڑھانے والے کاروباری حضرات کو ایوارڈز سے نوازے گی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ اس ضمن میں وزیراعظم ہاؤس میں باقاعدہ تقریب ہوگی۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ معاشی اصلاحات کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے، رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لئے وزیراعظم نے ملک بھر میں وزراء کی ڈیوٹیاں لگائیں، گزشتہ روز بھی وفاقی وزرائے یوٹیلیٹی سٹورز کے دورے کئے اور وہاں موجود انتظامات کا جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملکی معیشت کو بہتر کرنے کے لئے تمام اقدامات کے حوالے سے روڈ میپ بن رہا ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم کی توجہ معاشی اصلاحات پر موجود ہے، ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ انشاء اللہ پہلے بھی امن قائم کیا تھا اور اب بھی امن قائم ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہمیں سیکورٹی فورسز، آرمڈ فورسز اور پولیس پر مکمل اعتماد ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے ملک کی خاطر جان کے نذرانے پیش کئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گوادر پورٹ اتھارٹی پر پچھلے دنوں حملہ کیا گیا، اس حملے کی ذمہ داری بی ایل اے نے قبول کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کریم جان نامی دہشت گرد گوادر پورٹ اتھارٹی کے حملے میں ملوث تھا، وہ ہلاک ہوا، یہ بڑی تشویشناک بات ہے کہ جب کریم جان کی میت ورثاء کے حوالے کی گئی تو 2022ء اگست سے اسے مسنگ پرسن ڈیکلیئر کیا جا رہا تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ انتہائی تشویشناک بات ہے کہ بی ایل اے کا دہشت گرد گوادر پورٹ اتھارٹی کے حملے میں ملوث تھا، اس کے حوالے سے دو سال سے یہ مہم چلائی جا رہی تھی کہ یہ مسنگ پرسن میں شامل ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ انتہائی حساس معاملات ہیں، گوادر ہمارا تجارتی مرکز ہے، سی پیک کا حصہ ہے، اس پر حملہ ہماری معیشت پر حملہ ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ 2022ء سے اس دہشت گرد کو لاپتہ افراد کی فہرست میں شامل کیا گیا تھا، ملک میں امن قائم کرنے کے لئے حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ تحریک انصاف اس وقت ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے

بعدالت جناب عبدالحفیظ بھٹہ صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج ٹوبہ ٹیک سنگھ

اپیل محکمہ مال بمقدمہ عنوان عبدالمجید سالک بنام صوبہ پنجاب وغیرہ اخبار اشتہار بنام رسپانڈنٹس صوبہ پنجاب بذریعہ ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ، ڈویژنل کینال آفیسر جھنگ ڈویژن جھنگ، سب ڈویژنل کینال آفیسر وریام ڈویژن گوجرہ ٹوبہ ٹیک سنگھ، صدر ایف اوراجباہ ٹیکو ٹوبہ ٹیک سنگھ، ضلع دار سیکشن اکال والا وریام سب ڈویژن ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس بتقرر تاریخ 06-04-2024 صبح 8:00 بجے عدالت ہذا میں پیش ہو کر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

عاق نامہ

میں مسماۃ رضیہ بی بی زوجہ محمد سرور ذات منہاس ساکن مظفر پور، ڈاکخانہ خاص تحصیل وضلع سیالکوٹ شناختی کارڈ نمبر 34603-4311270-8 اپنے حقیقی بیٹا محمد ندیم ولد محمد سرور ذات منہاس (عمر تقریباً 33 سال) ساکن مظفر پور، ڈاکخانہ خاص تحصیل وضلع سیالکوٹ کو گستاخی، نافرمانی، گالم گلوچ اور بری عادتوں کی وجہ سے اپنی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتی ہوں۔ میرا اور میری فیملی کا اس سے کوئی لین دین نہ ہے۔ اگر کوئی اس سے لین دین کرتا ہے تو وہ خود اس کا ذمہ دار ہوگا۔ نجی سرکاری اور غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر: مساۃ رضیہ بی بی زوجہ محمد سرور ذات منہاس ساکن مظفر پور، ڈاکخانہ خاص تحصیل وضلع سیالکوٹ شناختی کارڈ نمبر 34603-4311270-8

گمشدگی دستاویزات

رسید انٹرمیڈیٹ F.A سندمیری انٹرمیڈیٹ F.A کی اصل سند رول نمبر 3046 انرولمنٹ نمبر 4011NT-MG2-61 سیشن 1994 نمبری NT(h)016749 بورڈ ڈیرہ غازیخان کی مورخہ 12-02-2024 کو علاقہ حدود تھانہ سٹی مظفرگڑھ دوران سفر کر گم ہوگئی ہے۔ جو کافی تلاش و پتہ جوئی کے باوجود دستیاب نہ ہوسکی ہے۔ لہذا جس کسی کو ملے مندرجہ ذیل پتہ پر بھجوا دیں۔ نہ ملنے پر Duplicate حاصل کرنے کا حقدار ہوں المشتہر: فیصل ندیم ولد چوہدری نصر اللہ پتہ محلہ قیوم نگر جھنگ موڑ مظفرگڑھ

بعدالت جناب خالد محمود صاحب افسر اشتمال/CO موضع راجہ جنگ تحصیل قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفیہ ترنم ناز دختر فیض احمد ھے کا انتقال وراثت نمبری 18390 رقبہ واقع موضع راجہ جنگ تحصیل و ضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد فیض احمد۔ والدہ شمیم اختر دونوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ دیگر وارثان میں عبدالغفار خاوند زندہ۔ حافظ عمر دراز پسر زندہ۔ اقصیٰ مبین متوفیہ دختر زندہ ہیں اسکیعلاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب علی رضا صاحب سول جج درجہ اول تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ حکم امتناعی دوامی: بعنوان: نعیم اختر زوجہ محمد اسلم بنام محمد سرور وغیرہ اشتہار بنام محمد سرور، محمد انور پسران کمال دین ساکنان 3/53 ٹکڑا تحصیل تاندلیانوالہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں 28-03-2024 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا مدعاعلیہم تاریخ مقررہ پر حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ورنہ یکطرفہ کارروائی میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب حق نواز وٹو صاحب سول جج درجہ اول/جج فیملی کورٹ کمالیہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ ولائیت
بعنوان: سائرہ بی بی بیوہ محمد ظفر شکیل قوم کاٹھیہ ساکن چک نمبر 733 گ ب تحصیل کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ
بنام عوام الناس
درخواست حصول سرٹیفکیٹ ولائیت میں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 29-03-2024 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ عظمیٰ اسلم صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار الحق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ عبدالحفیظ ولد عمر دراز بنام لیسکو وغیرہ اشتہار بنام لیسکو بذریعہ چیف ایگزیکٹو لیسکو لیسکو ہیڈ آفس لاہور، ڈپٹی منیجر آپریشنز (XEN) لیسکو ڈویژن چونیاں، اسسٹنٹ منیجر آپریشنز (S.D.O) لیسکو سب ڈویژن الہ آباد ویسٹ، ریونیو آفیسر لیسکو ڈویژن چونیاں (مدعاعلیہم) ہرگاہ مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 27-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب سہیل انور خان نیازی صاحب نائب تحصیلدار تاندلیانوالہ

شجرہ نسب چک نمبر 408 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ بسلسلہ تصدیق شجرہ نسب پیش ہوا ہے، جس میں فتح بی بی متوفیہ حال کے نام درج ہے جو وہ فوت ہوچکی ہے جس کے حقیقی وارثان محمد حسین خاوند پہلے فوت، ممتاز حسین، ذوالفقار علی، محمد اقبال، ذاکر حسین، فضل حسین شاد پسران زندہ، امیراں بی بی، کوثر پروین دختران زندہ اگر ان کے علاوہ کوئی وارث ہو یا کسی شخص کو اعتراض یا عذر ہو تو اندر اشاعت اخبار سات یوم زیر دستخطی کے در برو ہمراہ ثبوت پیش ہوں وگرنہ تصدیق شجرہ نسب کردی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سہیل انور خان نیازی صاحب نائب تحصیلدار تاندلیانوالہ

شجرہ نسب چک نمبر 602 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ بسلسلہ تصدیق شجرہ نسب پیش ہوا ہے، جس میں خان متوفی حال کے نام درج ہے جو وہ فوت ہو چکا ہے جس کے حقیقی وارثان بھاگن والدہ پہلے فوت شد، حاکم والد پہلے فوت شد، بیگاں بیوی پہلے فوت، انور پسر بعد فوت اگر ان کے علاوہ کوئی وارث ہو یا کسی شخص کو اعتراض یا عذر ہو تو اندر اشاعت اخبار سات یوم زیر دستخطی کے در برو ہمراہ ثبوت پیش ہوں وگرنہ تصدیق شجرہ نسب کردی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ جج فیملی کورٹ چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان مقدمہ۔ زاہدہ بی بی بنام محمد فاروق اشتہار بنام محمد فاروق ولد محمد ابراہیم ذات بھٹی ساکن کوٹ نیناں مشمولہ گلا نوالہ تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعاعلیہ) ہرگاہ مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 29-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

ایل ڈبلیو ایم سی کا کلین کیمپس ایمبیسیڈر پروگرام کامیابی سے جاری

سرکاری، پرائیویٹ سکولوں میں ویسٹ سیگریگیشن اور صفائی آگاہی کیلئے سوشل موبلائزرز ٹیمیں متحرک

LWMC
ستھرا پنجاب مہم
لاہور میں خصوصی صفائی مہم جاری
1139

لاہور (سٹاف رپورٹر سے) رمضان المبارک میں لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی شہر میں صفائی کے احسن اقدامات کے ساتھ ساتھ شہریوں میں صفائی کا شعور بیدار کرنے کے لیے بھی پر عزم ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کا کلین کیمپس ایمبیسیڈر پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔ سرکاری سکولوں کے ساتھ ساتھ پرائیویٹ سکولوں میں بھی ویسٹ سیگریگیشن اور صفائی کے بارے میں آگاہی کیلئے ایل ڈبلیو ایم سی کی سوشل موبلائزر ٹیمیں متحرک ہیں۔ سکولوں کے بچوں کو ویسٹ ریڈکشن اور ویسٹ سیگریگیشن کے بارے میں ٹریننگ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی عملی تربیت کیلئے سکول کیمپس میں ویسٹ پکنگ، ویسٹ سیگریگیشن کی ایکٹیویٹی کروائی جا رہی ہے۔ ترجمان ایل ڈبلیو ایم سی عمر چوہدری کے مطابق والٹن روڈ پر واقع گورنمنٹ گرلز ہائی سکول میں صفائی آگاہی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ 3400 سے زائد طالبات کو صفائی کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ بطور صفائی کے سفیر مقرر کی جانے والی طالبات نے آگاہی واک میں بھی حصہ لیا۔ مزید برآں سی ای او بابر صاحب دین کی ہدایت پر آپریشن ٹیمیں روزانہ 160 مساجد کی صفائی دھلائی یقینی بنا رہی ہیں۔ ہر سال کی طرح شہر میں سجنے والے 47 سے زائد بڑے افطار دسترخوانوں پر صفائی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ شہر میں موجود 250 چھوٹے بڑے قبرستانوں کی صفائی کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ تمام ٹاؤنز میں تراویح کے مقامات، جامع مساجد اور ممکنہ راستوں پر خصوصی صفائی ٹیمیں تعینات ہیں۔

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا سرائے عالمگیر کھاریاں گجرات تحصیلوں میں گرانفروشوں ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈان

سرائے عالمگیر (نامہ نگارڈ) پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا سرائے عالمگیر کھاریاں گجرات تحصیلوں میں گرانفروشوں ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈان ایک دن میں ایک لاکھ 26 ہزار روپے جرمانہ ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز تجاوزات کے خلاف سخت کارروائی جاری ہے گزشتہ روز کارروائی کے دوران کے دوران گراں فروشی کے مرتکب 68 افراد پر 1 لاکھ 26 ہزار سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے کے دوران 1236 مقامات پر انسپکشن کی ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ رمضان المبارک کے مہینے میں قیمتوں کو اعتدال میں رکھنے کے لئے سبزی و فروٹ منڈیوں کی مسلسل مانیٹرنگ کی جارہی ہے، مارکیٹ میں اشیا خوردونوش کی ڈیمانڈ کے مطابق فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے، گراں فروشی و ذخیرہ اندوزی کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی تاجر برادری روزانہ کی بنیاد پر اپنا اسٹاک ڈکلیئر کریں ذخیرہ اندوزی کے مرتکب افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

پتنگ بنانے اور اڑانے والوں کے خلاف سخت کاروائی ہوگی، اے ایس پی سرکل پولیس کمالیہ سندس اسحاق

کمالیہ (نامہ نگار) اے ایس پی سرکل پولیس کمالیہ سندس اسحاق نے کہا ہے کہ پتنگ بنانے اور اڑانے والوں کے خلاف سخت کاروائی ہوگی، تمام پولیس افسران اپنے اپنے علاقوں میں پتنگ بازی اور پتنگ فروشوں کے خلاف سخت کاروائی کریں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب بھر کی طرح ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں پتنگ فروشوں اور پتنگ بازوں کے خلاف سخت کاروائی کی جارہی ہے۔ تمام سرکل افسران اور ایس ایچ اوز کو سخت ہدایات کا مراسلہ جاری۔ تمام سرکل افسران و ایس ایچ اوز اپنے اپنے علاقوں میں موجود پتنگ فروشوں اور پتنگ بازی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائیں۔ اپنے اپنے علاقوں میں پٹرولنگ کے نظام کو موثر بنائیں خصوصا ویک اینڈ اور چھٹی کے ایام میں سپیشل موٹرسائیکل سکواڈ اور پولیس موبائل ٹیمیں تشکیل دے کر پتنگ بازی جیسے خونی کھیل کھیلنے والوں کے خلاف بھرپور آپریشن کریں۔ سرکل افسران و ایس ایچ اوز اپنے علاقے میں موجود سیاسی و سماجی اور مذہبی نمائندوں کے ذریعے کمیٹیاں تشکیل دے کر شہریوں میں پتنگ بازی کے ذریعے ہونے والے نقصانات سے آگاہ کریں۔ اور اس کھیل میں شامل عناصر کی حوصلہ شکنی کرائیں۔ تمام ایس ایچ اوز اپنے اپنے علاقوں میں سپیشل سکواڈ تشکیل دے کر اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ڈرون کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کریں اور پتنگ بازی میں ملوث پائے جانے والے افراد کی فہرستیں تیار کر کے ان کو حراست میں لیکر پابند سلاسل کریں۔

ستھرا پنجاب پروگرام وزیراعلیٰ پنجاب کا انقلابی اقدام ہے، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمود اقبال گوندل

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) ستھرا پنجاب پروگرام وزیراعلیٰ پنجاب کا انقلابی اقدام ہے جسکی بدولت متعلقہ محکموں کو ذمہ داریوں کا احساس ہوا صفائی کلچر کو فروغ حاصل ہونے سے ضلع گجرات کی تینوں تحصیلوں سرائے عالمگیر کھاریاں گجرات کی تمام گلیوں محلوں شاہراہوں دیہی علاقوں کے ساتھ دور افتادہ علاقوں میں صاف ستھرا انقلابی ماحول میسر کرنے کے لیے 24 گھنٹے کام جاری ہے یہ باتیں ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمود اقبال گوندل نے یہاں صفائی ستھرائی کا معائنہ کرنے کے بعد صحافیوں کو بتائی اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سید نوید حیدر شاہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سرائے عالمگیر قیصر امین وڑائچ افتخار احمد وڑائچ شاہد حسین چوہدری سمیت دوسرے افراد بھی موجود تھے کھلی جگہوں سے کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں کا خاتمہ قبرستانوں میں جڑی بوٹیوں اور کوڑا کرکٹ سمیت ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کی مہم زور شور سے جاری ہے۔

کمالیہ (نامہ نگار) JTW ملک سرفراز کھوڈ خونی ڈور سے بچنے کیلئے موٹر سائیکل پر سیفٹی وائر لگا کر آگاہی دے رہے ہیں،

گندم کی فصل کو کنگی سے بچا کے لیے درج ذیل احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا ضروری ہے، رانا شبیر حسین زراعت انسپکٹر نوشہرہ ورکاں

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) رانا شبیر حسین زراعت انسپکٹر نوشہرہ ورکاں نے کہا ہے کہ گندم کی فصل کو کنگی سے بچا کے لیے درج ذیل احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا ضروری ہے کنگی کی صورت میں گندم کے پتے پیلے ہو جاتے ہیں اور ہاتھ لگانے پر زرد رنگ لگ جاتا ہے بیماری ٹکریوں کی شکل میں نمودار ہوتی ہے اور پھر پورے ایکڑ میں پھیل جاتی ہے اگر خدانخواستہ فصل پر کنگی کا حملہ ہو جائے تو فوری طور پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع نوشہرہ ورکاں کے دفتر رابطہ کریں اور محکمہ زراعت کے ماہرین سے مشورہ سے زرعی ادویات کا استعمال کریں سپرے کرتے وقت پانی سولیٹر سے کم استعمال نہ کریں اور ہفتے بعد دوبارہ سپرے کو دوہرائیں نیز آخری آبپاشی کرنے سے پہلے موسم کا حال ضرور معلوم کرلیں

لاہور: لیگی رہنما سابق ایم این اے الحاج شیخ روحیل اصغر، صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق، ملک ارشاد کی جانب سے دی گئی افطار پارٹی میں گفتگو کر رہے ہیں

کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی نے صاف ستھرا پنجاب مہم کے بارے محکموں کی کارکردگی جائزہ لینے کے لیے تحصیل بھلوال اور بھیرہ کے مختلف چکوک کا دورہ

سرگودھا (بیورو چیف) کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی نے صاف ستھرا پنجاب مہم کے بارے محکموں کی کارکردگی جائزہ لینے کے لیے تحصیل بھلوال اور بھیرہ کے مختلف چکوک کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی، اسسٹنٹ کمشنرز اور ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ سمیت دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر نے چک نمبر 14 شمالی بھلوال اور خان محمد والا میں صفائی آپریشن پر اطمینان کا اظہار کیا جبکہ ہاتھی ونڈ میں سیوریج کی ابتر صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری اقدامات کر کے تصویری ثبوت ان کے دفتر بھجوانے کا حکم دیا۔ انہوں نے دیہاتیوں سے ملاقات کر کے صاف ستھرا پنجاب مہم کے تحت اب تک انجام دی جانے والی سرگرمیوں بارے فیڈ لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ صاف ستھرا ماحول ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ صفائی ستھرائی کے حوالے سے صوبہ بھر میں شروع کی جانے والی ستھرا پنجاب مہم اپنی نوعیت کا مثالی پروگرام ہے، متعلقہ ادارے سرگودھا ڈویژن کو صفائی کے حوالے سے مثالی بنانے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ چھوڑیں اور 31 مارچ تک اس مہم کو کامیابی سے مکمل کیا جائے۔

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے عوام کی فلاح و بہبود کے اقدامات ملک کے استحصالی معاشرے میں بارش کا پہلا قطرہ ہیں، آصف علی چوہدری، وحید عالم چوہدری

چشتیاں (چوہدری عثمان) چشتیاں کی سماجی شخصیات آصف علی چوہدری، وحید عالم چوہدری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے عوام کی فلاح و بہبود کے اقدامات ملک کے استحصالی معاشرے میں بارش کا پہلا قطرہ ہیں جبکہ پنجاب کو حقیقی معنوں میں ویلفیئر اسٹیٹ بنانے کیلئے پنجاب کے تمام اضلاع میں دیانتدار ڈپٹی کمشنر اور وہاڑی، بہاولنگر، ڈی جی خان طرز کے عوام دوست ڈی پی اوز تعینات کئے جائیں، ہر تحصیل وضلع میں صفائی کے تباہ حال نظام کو سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سپرد کیا جائے تاکہ لوگ صحت مند زندگی بسر کرسکیں۔ انہوں نے عوامی پریس کلب کے زیر اہتمام عالمی واٹر ڈے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب سے اپنے مطالبہ میں کہا کہ گندم، کپاس، کماد، چاول ودیگر زرعی اجناس کی پیداوار میں اضافہ کیلئے انقلابی اقدامات عمل میں لاتے ہوئے انڈین پنجاب کی طرز پر کم نرخوں پر کھاد، اعلیٰ کوالٹی کے زرعی بیج، زرعی ادویات کسانوں کے گھروں تک فراہم کئے جائیں جبکہ ٹیوب ویل سولر انرجی پر منتقل کرنے کیلئے سبسڈی دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے رمضان بازاروں کے نام پر ہونے والی کرپشن کو ختم کر کے پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا رمضان پیکج دیا ہے اور ناجائز منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈاؤن قیمتوں میں اضافے پر قابو پالیا اور بازاروں گلی محلوں کو صاف وکشادہ کرنے کیلئے ستھرا پنجاب کا منصوبہ دیا ہے چنانچہ ایسے اقدامات کے نتیجہ میں پنجاب کے زوال پذیر معاشرے کی اصلاح کے امکانات روشن ہوگئے ہیں اس طرح مسلم لیگ ن کو پنجاب میں دوبارہ مقبولیت حاصل ہوجائے گی۔

ٹی بی ایک مہلک مرض ہے جو ہر سال ہزاروں جانیں نگل لیتا ہے، ایم ایس ڈاکٹر محمد علی مرتضی

WORLD TB DAY 2024
YES! WE CAN END TB
ٹی بی قابل علاج ہے۔
2 مارچ 2024

ڈسکہ (محمد بلال سے) ایم ایس ڈاکٹر محمد علی مرتضی، ڈی ایم ایس ڈاکٹر طلعت محمود اور پراونشل پروگرام آفیسر ڈاکٹر نبیل اقبال نے کہا کہ ٹی بی ایک مہلک مرض ہے جو ہر سال ہزاروں جانیں نگل لیتا ہے بروقت علاج، بہتر خوراک اور مناسب ماحول سے اس مرض پر قابو پایا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول ہسپتال ڈسکہ میں انسداد ٹی بی کے عالمی دن کے حوالہ سے منعقدہ سیمینار میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے ٹی بی کی علامات، تشخیص اور علاج کے حوالہ سے بھی آگاہی فراہم کی سیمینار میں مختلف مکتبہ فکر کی شخصیات نے شرکت کی بعدازاں ٹی بی آگاہی واک کا بھی اہتمام کیا گیا

محلّہ مدینہ آباد حسینہ مسجد سٹڈی والا گرلز بوائز سکول کے باہر پچھلے تین دن سے نمازی اور بچوں کا گزرنا مشکل،

کمالیہ (نامہ نگار) محلّہ مدینہ آباد حسینہ مسجد سٹڈی والا گرلز بوائز سکول کے باہر پچھلے تین دن سے نمازی اور بچوں کا گزرنا مشکل، انتظامیہ کی غفلت کے باعث سڑک پر گندے پانی کے جوہڑ بن گئے، سکول، مسجد، میں داخل ہونا مشکل ہوگیا۔ کمالیہ میں ناقص سیوریج سسٹم کے باعث شہری مشکلات کا شکار، سکولوں میں چھٹی کے بعد گھر واپس جانا بھی مشکل ہوگیا، سیوریج کے مسائل حل کرنے میں انتظامیہ بے بس ہو کر رہ گئی ہے۔ گندے پانی سے جہاں مچھر، مکھیاں، بدبو اور بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے، سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد اور انتظامیہ کے افسران سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے ٹی ایم اے ٹس سے مس نہیں ہو رہی

جمبر و نواح میں رمضان المبارک میں سحر و افطار کے اوقات کار میں بھی گیس بندش کے سبب غیر قانونی گیس سلنڈر رفلنگ والوں کی چاندی ہوگئی

جمبر (Amir) جمبر و نواح میں رمضان المبارک میں سحر و افطار کے اوقات کار میں بھی گیس بندش کے سبب غیر قانونی گیس سلنڈر رفلنگ والوں کی چاندی ہوگئی جمبر و نواح میں گیس سلنڈروں کی غیر قانونی ری فلنگ جاری، حکام خاموش تماشائی کسی بڑے حادثے کے منتظر تفصیلات کے مطابق شہر و نواح میں ماہ رمضان کے سحر و افطار کے اوقات کار میں سوئی گیس حکام کی نااہلی اور عدم توجہ کے سبب رہائشیوں کو سوئی گیس بندش کا سامنا ہے۔ جس پر شہر میں غیر قانونی گیس ری فلنگ کی چاندی ہوگئی جہاں وہ ایک طرف بغیر کسی حفاظتی آلات کے شہر و نواح میں غیر قانونی گیس ری فلنگ کا کام کر رہے ہیں وہیں دوسری جانب مہنگے داموں گیس فروخت کر کے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں حیرانگی کی بات تو یہ ہے کہ ایسی غیر قانونی ری فلنگ کی روک تھام کرنے والی انتظامیہ نے آنکھیں موند رکھی ہیں اور شہر کو ان غیر قانونی گیس ری فلنگ والوں کے حوالے کر کے کسی بڑے حادثے کے انتظار میں ہیں جس پر شہریوں نے جمبر پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متوسط طبقہ کے لوگ جہاں مہنگائی کے ستائے ہوئے ہیں وہیں گیس بندش کے سبب روضہ دار ماہ رمضان کے مقدس مہینے میں روضہ رکھنے سے قاصر ہیں جس پر انہوں نے حکام بالا سے اپیل کی ہے کہ جہاں وہ ایک طرف شہر میں غیر قانونی گیس ری فلنگ والا کا محاسبہ کریں وہیں دوسری جانب شہر و نواح سحر و افطار کے ٹائم گیس بندش کا نوٹس لیتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کریں اور شہریوں کو گیس فراہمی یقینی بنائیں

سڑک کے کنارے پر کھڑے رکشے کو تیز رفتار ٹرالے نے ٹکر ماردی رکشہ میں سوار ایک خاتون موقع پر ہی جاں بحق

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) سڑک کے کنارے پر کھڑے رکشے کو تیز رفتار ٹرالے نے ٹکر ماردی رکشہ میں سوار ایک خاتون موقع پر ہی جاں بحق جبکہ چار خواتین شدید زخمی ٹرالے کا ڈرائیور ٹرالے سمیت فرار تفصیلات کے مطابق نواحی گاں قلعہ مصطفیٰ آباد کی رہائشی جبلہ بی بی سمیت 6 خواتین صبح 4 بجے کے قریب رکشہ پر سوار ہو کر نوشہرہ ورکاں بنظیر انکم سپورٹ پروگرام کے پیسے لینے کے لیے رکشہ پر سوار تھیں گاں ہی کا ڈرائیور رکشہ سڑک کنارے کھڑا کر کے اپنے گھر کا دروازہ بند کرنے کے لیے گیا شیخوپورہ کی جانب سے آنے والے تیز رفتار ٹرالے نے سڑک کنارے کھڑے رکشے کو ٹکر ماردی جس سے رکشہ پر میں سوار 6 بچوں کی ماں جبلہ بی بی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی 5 خواتین شدید زخمی ہوگئیں ٹرالے کا ڈرائیور ٹرالے سمیت فرار

بعدالت جناب محترم شیخ عبدالرزاق صاحب سول جج فیصل آباد

دعویٰ استقرار الحق بعنوان: سلیم مسیح بنام شکیل وغیرہ اشتہار بنام شکیل، نوید، رمیز، نوشین، لوینا دختران نور الٰہی متوفی، فضل الٰہی، پرویز مسیح، بشیراں بی بی بیوہ برکت مسیح، نزیراں بی بی بیوہ مختار مسیح، شمیم زوجہ ارشد مسیح، پروین زوجہ سلامت مسیح، اختر دفتر جلال مسیح ساکنان آبادی جیون سنگھ والا چک نمبر 213 رب پیپلز کالونی نمبر 1 فیصل اباد، صوبہ پنجاب بذریعہ DC فیصل اباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 03.04.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب محترم محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول گارڈین جج فیصل آباد

درخواست سرٹیفکیٹ گارڈ بعنوان: شیخ فاروق الرحمٰن ولد شیخ محمد طفیل ساکن مکان نمبر 332/P گلی نمبر 8 محلہ محمود آباد فیصل اباد بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام: عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 28.03.2024 کو بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 725 گ ب تحصیل کمالیہ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بشیر احمد ولد محمد قوم سٹھو وفات پاچکا ہے جس کے وارثان میں محمد والد متوفی (پہلے فوت شد) راجن بی بی والدہ متوفی (پہلے فوت شد) سکینہ بی بی بیوہ متوفی (زندہ) حامد علی، محمود احمد، محمد طفیل پسران متوفی (زندگان)، شہامند علی پسر متوفی (پہلے فوت شد)، رانی بی بی بیوہ شہامند علی (بہو متوفی) (زندہ)، صابر علی، غضنفر علی، طلحہ سلطان پسران متوفی شہامند علی (پوتگان متوفی) (زندگان)، عثمانیہ شہامند (پوتی متوفی) (زندہ)، غلام فاطمہ، ارشاد بی بی دختران متوفی (زندگان) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفی بشیر احمد کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی بشیر احمد تصدیق کردیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 22

واجد علی شاہ، چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی اور ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس حماد الرب نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں جاری ری ویمپنگ منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سپیشل سیکرٹری سید واجد علی شاہ نے وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کو ری ویمپنگ منصوبوں بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر محکمہ صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں جاری ری ویمپنگ منصوبے کو جلد مکمل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں علاج کی غرض سے آنے والے مریضوں کے علاج میں تاخیر ناقابل برداشت ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کے سربراہان بھی ری ویمپنگ منصوبے کو جلد مکمل کروانے میں اپنا موثر کردار ادا کریں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں کے دورے کے دوران صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات، ادویات کی عدم دستیابی، ڈاکٹرز کی غیر حاضری اور مریضوں کے علاج میں ایک فیصد بھی غفلت برداشت نہیں کریں گے۔ تمام سرکاری ہسپتالوں کا دورہ کرکے ری ویمپنگ منصوبے کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے سپیشل سیکرٹری کو روزانہ کی بنیاد پر ری ویمپنگ منصوبے کو مانیٹر کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 23

میں اضافہ کیا ہے۔ دوسری جانب شارٹ ٹرم سیونگ سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح میں 76 بیسس پوائنٹس کی کمی ہوئی ہے تاہم ڈیفنس سیونگ سرٹیفکیٹ، سیونگ اکاؤنٹ، سروہ اسلامک ٹرم اکاؤنٹ اور سروہ اسلامک سیونگ اکاؤنٹ پر منافع کی شرحیں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہیں۔ اسپیشل سیونگ سرٹیفکیٹ پر منافع کی شرح 20 بیسس پوائنٹس اضافے کے ساتھ 15.8 فیصد ہوگئی ہے، سیونگ اکاؤنٹ پر منافع کی شرح 20.5 فیصد رکھی گئی ہے جبکہ شارٹ ٹرم سیونگ سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 76 بیسس پوائنٹس کم ہوکر 19 فیصد ہوگئی ہے۔ بی ایس سی، پی بی اے اور ایس ایف ڈبلیو اے پر منافع کی شرح 24 بیسس پوائنٹس اضافے کے ساتھ 15.6 فیصد ہوگئی۔ اسی طرح ڈیفنس سیونگ سرٹیفکیٹ، سرو اسلامک ٹرم اکاؤنٹ اور اسلامک سیونگ اکاؤنٹ پر منافع کی شرحوں کو بالترتیب 14.4 فیصد، 18.54 فیصد اور 20.5 فیصد پر برقرار رکھا گیا ہے اور ان میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 24

کہا ہے کہ سینیٹ انتخابات سے قبل خیبر پختونخوا اسمبلی کو مکمل کیا جائے۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کے آزاد ممبران پر مشتمل حکومت آئین پر عمل کرے، بانی پی ٹی آئی خیبر پختونخوا صوبہ کو تختہ مشق نہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کو ایوان سینیٹ سے باہر رکھ کر عوام سے انتقام لینا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اپنے وکلاء اور ساتھیوں کی نالائقی کا خمیازہ بھگت رہا ہے، ایک شخص کی خواہش پر آئینی تقاضا تبدیل نہیں ہو سکتا۔

بقیہ بقیہ جات 25

اسلام آباد میں بھارتی فوجیوں نے دو نوجوانوں کو گرفتار کرلیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فوجیوں نے نوجوانوں کو ضلع کے علاقے لارکی پورہ میں محاصرے اور تلاشی کی ایک کارروائی کے دوران گرفتار کیا۔ فوجیوں نے نوجوانوں کی غیر قانونی گرفتاری کا جواز پیش کرنے کیلئے انہیں عسکریت پسند قرار دیا ہے۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 746 گ ب تحصیل کمالیہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد رمضان ولد بہادر قوم جٹ وڑائچ وفات پاچکا ہے جس کے وارثان میں بہادر والد متوفی (پہلے فوت شد) حلاں بی بی والدہ متوفی (پہلے فوت شد)، نذیراں بی بی زوجہ متوفی (پہلے فوت شد) غلام شبیر، محمد اسلم، محمد امیر پسران متوفی (زندگان) نسیم بی بی، بشیراں بی بی، کوثر خورشید بی بی دختران متوفی (زندگان)، بلقیس دختر متوفی (بعد فوت شد) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفی محمد رمضان کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی محمد رمضان تصدیق کردیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 725 گ ب تحصیل کمالیہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ظہور احمد ولد نور محمد قوم سٹھو وفات پاچکا ہے، جس کے وارثان میں نور محمد والد متوفی (پہلے فوت شد) بھاگن والدہ متوفی (پہلے فوت شد)، بختاور بی بی بیوہ متوفی (زندہ) عبدالشکور پسر متوفی (زندہ)، ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفی ظہور احمد کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی ظہور احمد تصدیق کردیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد عرفان
صاحب سول جج لاہور

محمد شاہد بنام عوام الناس وغیرہ حافظہ سعدیہ عبدالباسط عبدالباری عبدالولی سلوہ بیوہ پسران دختر مجم شاہد ساکنان 28_1 Pcsir سٹاف ہاؤسنگ سوسائٹی نزد امیر چوک لاہور ہرگاہ عنوان درخوست جانشینی میں مسول علیہم تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریزہ ہے اور روپوش ہے اس لیے اشتہار بنام مسول علیہم جاری کیا جاتا ہے کہ کے بتقرر 27/3/2024 عدالت ھذا میں پیش ہو عدم حاضری کی صورت میں کاروائی ایک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی بھی عذر نا قابل قبول ہوگا اج بدسط مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب طلعت وحید
صاحب سول جج شکرگڑھ

ارشاد احمد بنام عوام الناس دعوی درخواست برائے گارڈین سرٹیفکیٹ ارشاد احمد ولد رشید احمد قوم جٹ ساکن تکیہ پلاٹ تحصیل وضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 29.3.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

اطلاع عام

ہر خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فرم m/s metaoin solution اپنے ایڈریس ہاس نمبر 23 سٹریٹ نمبر 2 فتح گڑھ مغل پورہ لاہور سے نیا ایڈریس 86th 11 سٹریٹ سعید بلاک عامر ٹاؤن فیز 2 ہربنس پورہ لاہور پر منتقل ہوگی ہے

اعلان لاتعلقی

بیان ازاں محمد شیر ولد غلام محمد ساکن اقبال نگر بادشاہ پور تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین میں اپنے حقیقی بھانجا اظہر اقبال عرف کالا ولد محمد صفدر ہے بوجہ نافرمانی بد اخلاقی سے اعلان لاتعلقی کرتے ہیں اور اپنی منقولہ غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتے ہیں آج کے بعد ہم اس کے کسی قول وفعل لین دین کے ذمہ دار نہیں ہونگے تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں المشتہر محمد شیر ولد غلام محمد ساکن اقبال نگر بادشاہ پور تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاالدین۔

بقیہ بقیہ جات 26

جوڈیشل کمیشن کا اجلاس ہوا جس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ اور سندھ ہائی کورٹ کے 6 ایڈیشنل ججوں کو متفقہ طور پر مستقل کرنے کی سفارش کی گئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں سندھ ہائی کورٹ کے تمام 6 ججوں جسٹس عبدالرحمن، جسٹس جواد سروانہ، جسٹس ثناء منہاس، جسٹس خادم حسین سومرو، جسٹس اعجاز، جسٹس امجد کو مستقل کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں قائم مقام چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس ہاشم خان کاکڑ کو مستقل چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ مقرر کرنے کی سفارش بھی کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 27

حملے جاری ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حماس کے مطابق القسام بریگیڈ نے الشفا میڈیکل کمپلیکس کے اطراف 3 صیہونی فوجیوں کو نشانہ بنایا۔ حماس کا کہنا تھا کہ القسام بریگیڈز اور القدس بریگیڈز نے اسرائیلی فوج کو بھاری نقصان پہنچایا۔

بقیہ بقیہ جات 28

اور ہندو برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے ہولی رنگوں، روشنیوں اور امن وآشتی کا تہوار ہے۔ پیر کو اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ اس پر مسرت موقع پر ہندو برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں۔ ملک کی تعمیر وترقی کے لیے پاکستان میں بسنے والی ہندو برادری کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ ملک میں بسنے والی ہندو برادری تمام شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ آئین پاکستان کے تحت پاکستان میں بسنے والے تمام مذہب کے ماننے والوں کو اپنے مذہب، عقائد اور رسم ورواج کے مطابق زندگی بسر کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ پاکستان مختلف مذاہب و عقائد کے ماننے والوں کا گہوارہ ہے۔ ملکی ترقی، قومی اتحاد اور ہم آہنگی میں ہندو برادری کا کردار لائق تحسین ہے۔

بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ
سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق

عنوان آمنۃ الزہرہ بنام صوبہ پنجاب وغیرہ

اشتہار بنام 4 سائرہ بوٹا دختر محمد بوٹا قوم جٹ ساکن نور پور 5 محمد الیاس ولد محمد عباس قوم جٹ ساکن نور پور 6 محمد بشیر 7 محمد سلیم پسران سلام دین اقوام راجپوت ساکنان جادیوالی تحصیل پسرور

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 28-03-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب عابد رضا خاں
صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج
گجرات

مقدمہ: دعویٰ: دلاپانے مبلغ ساٹھ لاکھ روپے معہ منافع 6% تا ادائیگی رقم زیر آرڈر 37 رول 2 ضابطہ دیوانی

عنوان: منیر حسین بنام سید تنویر حسین کاظمی

اشتہار بنام: سید تنویر حسین کاظمی ولد نامعلوم ڈیلر (اونر) پرنس گجرات موٹرز جی ٹی روڈ تحصیل وضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو طلب کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ مورخہ 28-03-2024 کو بوقت صبح 9:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی، دستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

بعدالت جناب عدنان احمد
گوندل صاحب سول جج اوکاڑہ

دعویٰ: دلاپانے وغیرہ

عنوان: محمد عدیل بنام خادم حسین

اشتہار بنام: خادم حسین ولد محمد حسین قوم راجپوت مکان نمبر 174 گلی نمبر 15 شمسیہ کالونی تحصیل وضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 19.04.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب عدنان احمد
گوندل صاحب سول جج اوکاڑہ

دعویٰ: تعمیل مختص حکم امتناہی دوامی

عنوان: محمد اسحاق بنام سہیل افضل

اشتہار بنام: سہیل افضل ولد محمد افضل قوم جٹ سکنہ عبداللہ پور فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 02.04.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب سیدہ نبیلہ جعفری
صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن
جج صاحبہ فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

سول نگرانی

بعنوان چوہدری محمد خورشید بنام عمران بابر وغیرہ اخبار اشتہار بنام عمران بابر ولد محمد بابر حسین ساکن مکان نمبر 1 گلی نمبر 4، محلہ عمر دین روڈ پیپلز کالونی تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بذریعہ امتیاز احمد ولد محمد نواز قوم جٹ کھرل ساکن چک نمبر 40 تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، ناصر محمود، عرفان بابر پسران محمد بابر حسین ساکنان مکان نمبر 1 گلی نمبر 4، محلہ عمر دین روڈ پیپلز کالونی تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، ہرگاہ سول نگرانی عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے للہذا بذریعہ اخبار اشتہار رسپانڈنٹس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 27-03-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

اطلاع گمشدگی پالیسی

اسٹیٹ لائف کارپوریشن کی جاری کردہ پالیسی نمبر 5-609971502 بنام فیروز علی مالیت -/110000 روپے گم ہوگئی ہے اگر تیس یوم تک اعتراض موصول نہ ہوا تو پالیسی سرنڈر کردی جائیگی۔ منجانب: جنرل منیجر اسٹیٹ لائف کارپوریشن آف پاکستان جھنگ زون

جے یو آئی کے رہنما سینیٹر طلحہ محمود نے پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی

پاکستان کی معاشی بدحالی اور سیاسی حالات سب کے سامنے ہیں، سب کو علم ہے پاکستان کن مسائل سے گزر رہا ہے، سینیٹر طلحہ محمود کی پریس کانفرنس

طلحہ محمود کو خوش آمدید کہتے ہیں، پیپلز پارٹی کی قیادت میں وہ بصیرت ہے کہ وہ ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکال سکتے ہیں، نیئر بخاری، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے رہنما سینیٹر طلحہ محمود نے مولانا فضل الرحمٰن سے راہیں جدا کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ اس بات کا اعلان سینیٹر طلحہ محمود نے پیپلز سیکرٹریٹ میں پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل سید نیئر حسین بخاری، سیکرٹری اطلاعات فیصل کریم کنڈی، پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر محمد علی شاہ باچا، سیکرٹری جنرل شجاع خان عرف شازی خان اور میڈیا کوآرڈینیٹر نذیر ڈھوکی کی (بقیہ نمبر 60)

کراچی، صوبائی وزیر جیل خانہ جات علی حسن زرداری بچہ جیل کے سکول کلاس روم میں طالبعلموں سے گفتگو کر رہے ہیں

عید الفطر پر کراچی سے چلنے والی 2 اسپیشل ٹرینوں کا شیڈول تیار

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے عید الفطر کے موقع پر عوام الناس کی سہولت کے لیے 4 اسپیشل ٹرینیں چلانے کے لئے شیڈول تیار کر لیا جن میں سے 2 اسپیشل ٹرین کراچی سے چلائی جائیں گی۔ ایک اسپیشل ٹرین کراچی اور پشاور براستہ فیصل آباد، وزیر آباد اور دوسری کراچی سے لاہور براستہ ساہیوال چلے گی۔ حکام کے مطابق پہلی ٹرین 7 اپریل 2024 کو کراچی سٹی سے شام 6 بجے روانہ ہوگی، یہ ٹرین 17 کوچز پر مشتمل ہوگی، جس میں 1110 مسافروں کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔

لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پھر سرفہرست

لاہور (این این آئی) لاہور میں آلودگی میں کمی نہ آسکی، دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پھر سرفہرست آ گیا۔ شہر کی فضاء بدستور آلودہ ہے اور ائیر کوالٹی انڈیکس 195 ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب درجہ حرارت کی بات کریں تو شہر کا موجودہ درجہ حرارت 21 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہوا میں نمی کا تناسب 71 فیصد ریکارڈ کیا گیا، آئندہ 24 گھنٹوں میں شہر کا مطلع ابر آلود رہے گا۔

بس کی موٹر سائیکل کو ٹکر، خاتون جاں بحق، خاوند، دو بچے زخمی

لاہور (این این آئی) رائے ونڈ کنگرہ جیا بگا کے قریب بس نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس سے خاتون جاں بحق جبکہ خاوند اور دو بچے شدید زخمی ہو گئے۔ بس نے موٹر سائیکل سواروں کو ٹکر ماردی جس سے 28 سالہ روبینہ موقع پر جاں بحق جبکہ خاوند اور 2 بچے زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ڈرائیور کو گرفتار کر کے بس کو تحویل میں لے لیا گیا۔ علاوہ ازیں لاہور رنگ روڈ پر ابراہیم کالونی کے قریب ٹریفک حادثے میں نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہوا۔ (بقیہ نمبر 56)

پتنگ بازی سے انسانی جانوں کا ضیاع بدترین المیہ بنتا جا رہا ہے، عظمت شاہ

خونخوار ڈوریں اور پتنگیں بیچنے اور بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین شاہ عالم بورڈ مارکیٹس و صدر مرکزی تنظیم تاجران لاہور سید عظمت علی شاہ نے کہا ہے پتنگ بازی سے قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع بدترین المیہ بنتا جا رہا ہے۔ خونخوار ڈوریں اور پتنگیں بیچنے اور بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں پتنگ بازی کے حوالے سے سخت ترین پالیسی اپنائی جائے۔ فیصل آباد میں پتنگ کی ڈور پھرنے (بقیہ نمبر 59)

پتنگ بازی کے حوالے سے حکومت سخت ترین لائحہ عمل اپنائے، فدا حسین

پتنگ بازی سے فیصل آباد میں نوجوان کی ہلاکت پر دلی دکھ اور گہرے غم کا اظہار کرتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے چیئرمین حاجی فدا حسین نے کہا ہے پتنگ بازی سے فیصل آباد میں نوجوان کی ہلاکت پر دلی دکھ اور گہرے غم کا اظہار کرتے ہیں۔ دعا ہے مرحوم کی اگلی منزلیں جنت الفردوس ہوں۔ پاکستان میں پتنگ بازی کے حوالے سے حکومت سخت ترین لائحہ عمل اپنائے۔ پتنگ بیچنے والے اور قاتل ڈور بنانے والی خونی ہاتھ قانون کی گرفت میں لائے جائیں۔ قیمتی (بقیہ نمبر 58)

پتنگ بازی خونی کھیل، خود بھی بچیں اپنے بچوں کو بھی بچائیں، ناصر انصاری

ہر سال سینکڑوں قیمتی جانیں پتنگ بازی جیسے خونی کھیل کی وجہ سے موت کا سبب بن چکی ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) صدر انجمن تاجران قائد اعظم گروپ ناصر انصاری نے کہا ہے کہ پتنگ بازی ایک خونی کھیل ہے، اس کھیل سے خود بھی بچیں اور اپنے بچوں کو بھی بچائیں، ہر سال سینکڑوں قیمتی جانیں پتنگ بازی جیسے خونی کھیل کی وجہ سے موت کا سبب بن چکی ہیں، اس کھیل کو صرف فیصل آباد، لاہور یا پنجاب میں ہی نہیں بلکہ پاکستان بھر میں ہر جگہ بند کرایا جائے، والدین کو چاہیے کہ اس کھیل (بقیہ نمبر 57)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پتنگ بازی کیخلاف کارروائیاں، 1285 مقدمات درج، 1330 ملزمان گرفتار

حافظ آباد اور پتوکی میں بھی پولیس کے چھاپے، متعدد افراد گرفتار، قبضہ سے 19 ہزار 700 سے زائد پتنگیں اور 1116 چرخیاں برآمد

پتنگ بازی خونی کھیل، کسی صورت اجازت نہیں دی جا سکتی، کائٹ فلائنگ ایکٹ کے تحت سخت کارروائی جاری ہے، سی سی پی او لاہور

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر لاہور پولیس کا شہر بھر میں پتنگ بازی کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس ضمن میں رواں ماہ میں پتنگ بازی کے خلاف مختلف کارروائیوں میں 1285 مقدمات درج کر کے 1330 ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ گرفتار ملزمان میں 1223 پتنگ باز، 95 پتنگ فروش جبکہ 12 پتنگ ساز شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضہ سے 19 ہزار 7 (بقیہ نمبر 51)

اے این ایف کی کارروائیاں، چھ سو چالیس کلو سے زائد منشیات برآمد

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے منشیات اسمگلنگ کے خلاف پانچ کارروائیوں میں چھ سو چالیس کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق مغربی بائی پاس کوئٹہ کے قریب سے 230 کلو ہیروئن، 220 کلو کرسٹل برآمد ہوئی، ماشکیل چاغی سے 100 کلو افیون اور 80 کلو چرس برآمد کی گئی۔ ل پلازہ ملتان کے قریب تین ملزمان سے 6.8 کلو ویڈ، بھنہ پل اسلام آباد سے 602 گرام ویڈ، راولپنڈی میں صدر کے قریب دو ملزمان سے 2.5 کلو چرس برآمد کر لی گئی۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر 13 لاکھ 60 ہزار گاڑیوں کو چالان ٹکٹس جاری

لاہور (این این آئی) ٹریفک پولیس نے قوانین کی خلاف ورزیوں پر رواں سال 13 لاکھ 60 ہزار گاڑیوں کو چالان ٹکٹس جاری کئے۔ سی ٹی او عمارہ اطہر نے کہا کہ چالان کا مقصد ریونیو اکٹھا کرنا نہیں بلکہ شہریوں کی اصلاح مقصود ہے۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر رواں سال میں 13 لاکھ 60 ہزار گاڑیوں کے چالان ٹکٹس جاری کئے گئے، لین لائن، سٹاپ لائن کی خلاف ورزی پر سب سے زیادہ کارروائی، 03 لاکھ 47 ہزار چالان ٹکٹس جاری کئے گئے، بغیر لائسنس گاڑی، موٹرسا (بقیہ نمبر 48)

سگے بھائی کو چھری کے وار کر کے بے دردی سے قتل کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) انچارج انوسٹی گیشن کاہنہ نے سگے بھائی کو چھری کے وار کر کے بے دردی سے قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ انچارج انوسٹی گیشن پولیس کاہنہ اصغر علی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے سگے بھائی کو چھری کے وار کر کے بیدردی سے قتل کرنے والے ملزم سجاد کو گرفتار کر کے آلہ قتل برآمد کر لیا۔ گرفتار ملزم سجاد نے گھریلو لڑائی جھگڑے کی وجہ سے سگے بھائی بلال کو چھری کے وار کر قتل کر دیا

ایک خاتون نے لارنس روڈ پر پکوڑے فروخت کا سٹال لگا رکھا ہے

زمین کی ساخت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کراپ زوننگ کی جائے، افتخار علی

کراپ زوننگ کو ایگرو ایکالوجیکل زونز کے مطابق حتمی شکل دی جائے، سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت لاہور میں کراپ زوننگ سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کراپ زوننگ کیلئے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ تشکیل دینے کے احکامات صادر کرتے ہوئے کہا کہ کراپ زوننگ کو ایگرو ایکالوجیکل زونز کے مطابق حتمی شکل دی جائے۔ ٹیکنیکل ورکنگ گروپ 1 ماہ کے (بقیہ نمبر 49)

چین پاک یوتھ کمیونٹی کی جانب سے 200 خاندانوں میں راشن پیکیج تقسیم

اس میں پھلیاں، آٹا، چینی، کھانا پکانے کا تیل اور دیگر روزمرہ کی ضروریات شامل تھیں، رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) چین پاکستان یوتھ ایکسچینج کمیونٹی کی جانب سے راولپنڈی میں 200 خاندانوں میں راشن پیکیج تقسیم، اس میں پھلیاں، آٹا، چینی، کھانا پکانے کا تیل اور دیگر روزمرہ کی ضروریات شامل تھیں۔ گوادر پرو کے مطابق چین پاکستان یوتھ ایکسچینج کمیونٹی نے دوستی اور یکجہتی کے دلی اظہار کے طور پر بیجنگ ون اسفیئر چیریٹی فاؤنڈیشن اور زیکسنسنگ چیریٹی ٹیم کے تعاون سے دارالسلام (بقیہ نمبر 47)

لندن، کسان اپنے مطالبات کے حق میں سڑکوں پر نکل آئے

کسانوں نے یوکے حکومت کی پالیسیوں کی مخالفت کرتے ہوئے نعرے بھی لگائے

لندن (این این آئی) برطانیہ میں کسان اپنے مطالبات کے حق میں سڑکوں پر نکل آئے۔ کاشتکار ٹریکٹرز کے ہمراہ پارلیمنٹ اسکوائر پر جمع ہوئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق لندن پارلیمنٹ اسکوائر پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ کسانوں نے یوکے حکومت کی پالیسیوں کی مخالفت کرتے ہوئے نعرے لگائے۔ کاشتکاروں کا کہنا تھا کہ تیسری دنیا کے ممالک سے یوکے کی مارکیٹ میں آنے والی (بقیہ نمبر 46)

لاہور، گورنر ہاؤس کے باہر پولیس اہلکار الرٹ کھڑے ہیں

ڈیرہ اسمٰعیل خان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک

مارے گئے دہشت گرد فورسز کیخلاف دہشت گرد کارروائیوں اور عام شہریوں کے قتل میں ملوث تھے

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں 4 دہشت گرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے ڈیرہ اسمٰعیل خان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 4 دہشت گرد مارے گئے، جن میں مصطفیٰ، قسمت اللہ اور دہشتگرد اسلام الدین شامل ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مارے گئے دہشت گرد فورسز کیخلاف دہشت گرد کارروائیوں اور عام شہریوں کے قتل میں ملوث تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک دہشتگردوں کے قبضے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے، بتایا گیا کہ علاقے سے دہشت گردوں کے خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا۔

سرگودھا، ناحق خون بہانے والوں کے خلاف کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، آر پی او شارق کمال صدیقی

سرگودھا (بیورو چیف رانا اسلم شاہین سے) سرگودھا، ناحق خون بہانے والوں کے خلاف کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ آر پی او شارق کمال صدیقی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سلانوالی میں ڈکیتی کے دوران قتل ہونے والے ابرہیم کے ورثا نے گزشتہ روز آر پی او سرگودھا شارق کمال صدیقی سے ملاقات کی۔ انہوں نے آر پی او اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پولیس نے ہمارے ساتھ مثالی تعاون کیا اور ہمیں بروقت انصاف ملا ہے۔ اس موقع پر ایس پی انوسٹی گیشن فرحان اسلم ڈی ایس پی احمد سجاد چیمہ اور ایس ایچ او تھانہ سلانوالی عرفان الحق بھی موجود تھے۔ آر پی او نے لواحقین سے تعزیت کی۔ اور کہا کہ سرگودھا پولیس جرائم کے انسداد کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ کسی بھی شہری کا ناحق خون بہانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ اس موقع پر مدعیان کی طرف سے آر پی او کو روایتی پگڑی بھی پہنائی گئی۔

صنعتوں کی خوشحالی سے روزگار کے مواقع پیدا ہوتے ہیں، شہباز اسلم

چین نے ترقی کے اہداف صنعتی و کاروباری حالات سازگار بنا کر عبور کئے، سینئر وائس چیئرمین فرایا

لاہور (سٹی رپورٹر) سینئر وائس چیئرمین فرایا شیخ شہباز اسلم نے کہا ہے کہ چین نے ترقی کے اہداف صنعتی و کاروباری حالات سازگار بنا کر عبور کئے۔ پاکستان کی کمزور معیشت کو صنعت و تجارت ہی اپنے پاوں پر کھڑا کر سکتی ہے۔ صنعتوں کی خوشحالی سے روزگار کے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ ایک چھوٹے یا بڑے صنعتی یونٹ سے کئی خاندانوں کے روزگار جڑے ہوتے ہیں۔ ہزاروں صنعتیں لاکھوں خاندانوں کو روزگار فراہم کر رہی ہیں۔ تمام تر سرکاری ادائیگیوں کے بعد بھی ہمارے صنعتکار مسائل کی شنوائی کے منتظر ہیں۔ اگر صنعتکاروں کو سازگار حالات فراہم کر دیے جائیں تو ملک میں خوشحالی کی نئی لہر آ جائے گی۔ بجلی، گیس خام مال اور امپورٹ میں سبسڈائز پالیسی سے صنعتیں پروان چڑھیں گی۔ صنعت و تجارت کی خوشحالی اور ترقی (بقیہ نمبر 55)

دربار بابا نولکھ ہزاری میلے سے 4 ریچھ قبضہ میں لے لئے گئے، 6 مداری گرفتار

وائلڈ لائف ریڈ سکواڈ اور لوکل انتظامیہ نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر عاصم کامران کی سربراہی میں کارروائی کی

لاہور (نمائندہ خصوصی) سپیشل وائلڈ لائف ریڈ اسکواڈ پنجاب اور اسسٹنٹ کمشنر آفس شاہ کوٹ نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے دربار بابا نولکھ ہزاری میلے سے چار کالے ریچھ قبضہ میں لیکر کارروائی کا آغاز کر دیا، تفصیلات کے مطابق سینئر منسٹر پنجاب مریم اورنگزیب اور ڈائریکٹر جنرل وائلڈ لائف اینڈ پارکس مدثر ریاض ملک کی ہدایت پر سپیشل وائلڈ لائف ریڈ سکواڈ پنجاب اور لوکل انتظامیہ نے ہمراہ (بقیہ نمبر 54)

راجن پور، لیڈی پولیو ورکر دوران ڈیوٹی ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آ کر جاں بحق

پولیس نے ٹریکٹر ٹرالی کو تھانہ سٹی منتقل کر دیا، ڈرائیور فرار ہونے میں کامیاب، تلاش جاری

راجن پور (این این آئی) پولیو قطرے پلانے والی لیڈی پولیو ورکر دوران ڈیوٹی ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گئی حادثہ قطب نہر پل کے سامنے پیش آیا لیڈی پولیو ورکر پولیو کا سامان جمع کرانے ڈسٹرکٹ ہسپتال راجن پور آ رہی تھی کہ ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیور نے موٹر سائیکل پر سوار لیڈی پولیو ورکر کو پیچھے سے ہٹ کیا ہے لیڈی پولیو ورکر کو زخمی حالت میں ڈسٹرکٹ ہسپتال منتقل کیا زخم گہرے (بقیہ نمبر 53)

اسرائیلی دہشتگردی کو روکنے کیلئے اقوام متحدہ کردار ادا کرے، متحدہ علماء کونسل

سلامتی کونسل میں اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کی قرارداد منظوری کا خیر مقدم کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی دہشتگردی کو روکنے کیلئے اقوام متحدہ کردار ادا کرے، دنیا بھر میں قیام امن کیلئے مسلمانوں بارے مغربی (بقیہ نمبر 52)

پی ٹی آئی اور اتحادی حکومت ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، جے یو آئی

دن کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی کرنے والے راتوں کو ایک دوسرے کے مہمان ہوتے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی اور اتحادی حکومت ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، موروثی سیاستدانوں نے ملک کو بحرانوں کے سوا کچھ نہیں دیا عوامی مسائل حل کرنا کسی کی ترجیح نہیں، دن کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی کرنے والے راتوں کو ایک دوسرے کے مہمان ہوتے ہیں۔

مزید 378 افراد بجلی چوری میں ملوث، 182 کیخلاف مقدمات درج

پکڑے جانے والے کنکشنز میں 13 کمرشل، 2 زرعی اور 363 ڈومیسٹک تھے

تمام کنکشنز منقطع، 3 لاکھ 66 ہزار 733 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 378 افراد بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 182 کے خلاف مقدمات درج کرا دیئے گئے، پکڑے جانے والے کنکشنز میں 13 کمرشل، 2 زرعی اور 363 ڈومیسٹک تھے، تمام کنکشنز منقطع کر کے ان کو 3 لاکھ 66 ہزار 733 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے ہیں جن کی مالیت 1 کروڑ 36 لاکھ 11 ہزار 742 روپے ہے۔ ترجمان کے مطابق گوالمنڈی کے علاقے میں کنکشن کو 84 لاکھ 40 ہزار روپے، اکبری گیٹ کے علاقے (بقیہ نمبر 50)

قبضہ میں لیا گیا ریچھ اور مداری وائلڈ لائف سکواڈ کی حراست میں

بھارت میں مسلمانوں کا نماز پڑھنا بھی مشکل، انتہا پسند آپے سے باہر

بھارتی انتہا پسندوں نے مقامی مسجد کے باہر ترانے چلانا اور شور وغل مچانا شروع کر دیا، رپورٹ

حیدر آباد (این این آئی) بھارت میں مسلمانوں سے نفرت کوئی نئی بات نہیں ہے، تاہم مودی حکومت کے آنے کے بعد سے بھارتی انتہا پسند بے لگام ہو چکے ہیں۔ حال ہی میں ہولی کے تہوار کے موقع پر بھارتی انتہا پسندوں نے مقامی مسجد کے باہر ترانے چلانا اور شور وغل مچانا شروع کر دیا۔ بھارتی شہر حیدر آباد کے علاقے گھاٹکیسر میں صورتحال اس وقت خراب ہوئی جب نمازی مسجد میں نماز ادا کر رہے تھے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق اسی دوران بھارتی انتہا پسدوں نے اسپیکر پر گانے چلانا شروع کر دیے، جس (بقیہ نمبر 45)

لائن لین اور ہیلمٹ کی پابندی، حادثات میں نمایاں کمی ہو گی، فاران بیگ

صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی پاسداری و ٹریفک کی بہتر روانی کے لئے ٹریفک پولیس پرعزم ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن ”چلتا اور محفوظ پنجاب“ کے لیے ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ پرعزم ہیں اور صوبہ بھر میں منظم ٹریفک کے حصول کے لئے مختلف شہروں کے دورے بھی کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی پاسداری و ٹریفک کی بہتر روانی کے لئے ٹریفک پولیس پرعزم ہے، شاہراہوں و چوک چوراہوں پر ہیلمٹ کی پاسداری و لین لائن کے حوالے سے خصوصی آگاہی مہمات سے لا انفورسمنٹ جاری ہیں، ٹریفک سٹاف روزانہ کی بنیاد پر روڈ یوزرز میں لائن لین و سٹاپ لائن کی پابندی کروا رہے ہیں۔

UNIVERSITY OF THE PUNJAB

لاہور، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود پنجاب یونیورسٹی اکیڈمک کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف بی آر ڈھانچے کی تعمیر نو، آٹومیشن پر منتقل ہوا جائے، ٹیکس ایجوکیشن

ٹیکسیشن کے نظام کی استعداد بڑھانے کیلئے سرمایہ کاری کی جائے، چیئرمین حبیب الرحمٰن زبیری

لاہور (این این آئی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا ہے کہ حکومت سب سے پہلے ایف بی آر کے ڈھانچے کی تعمیر نو کرے، غلط اسیسمنٹ اور ناقص پالیسیوں کی وجہ سے اربوں روپے ٹیکسز کے مقدمات عدالتوں میں زیر التواء ہیں جس کے ذمہ داروں کا تعین (بقیہ نمبر 35)

ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے سب کو متحد ہونا پڑیگا، قاری اعظم حسین

حکمرانوں کو سوچنا چاہئے آخر کب تک ملک کو قرضوں پر چلایا جائیگا، رہنما جے یو آئی (س)

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے سب کو متحد ہونا پڑے گا، ملک کے معاشی مسائل کے فوری حل کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کی گول میز کانفرنس بلوائی جائے، حکمرانوں کو سوچنا (بقیہ نمبر 36)

لاہور، ایک نوجوان پتنگ کی ڈور سے بچاؤ کیلئے موٹر سائیکل پر سیفٹی راڈ لگوا رہا ہے

مخصوص نشستوں پر حلف برداری کا معاملہ، سپیکر صوبائی اسمبلی سے جواب طلب

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے خیبر پختونخوا اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر حلف نا لینے کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے اسپیکر صوبائی اسمبلی کو کل تک عدالت میں جواب جمع کروانے کا حکم دے دیا ہے۔ مقدمے کی سماعت جسٹس عتیق شاہ اور جسٹس سید ارشد علی نے کی، الیکشن کمیشن کے وکیل سکندر بشیر مہمند اور ایڈووکیٹ جنرل شاہ فیصل اتمن خیل عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے آغاز میں وکیل الیکشن کمیشن سکندر بشیر مہمند نے کہا کہ مخصوص نشستوں پر الیکشن کمیشن نے نوٹیفکیشن جاری کیا ہے مگر اب اسپیکر صوبائی اسمبلی ان سے حلف نہیں لے رہے ہیں، لاہور ہائی کورٹ نے گورنر پنجاب کو حلف لینے حکم دیا

تمام ناراض بلوچوں سے خود بات کرنے کو تیار ہوں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تمام ناراض بلوچوں سے خود بات کرنے کو تیار ہوں، جبکہ ناراض بلوچوں کو عام معافی کے معاملے پر اسٹیبلشمنٹ بھی آن بورڈ ہے۔ ایک انٹرویو میں سرفراز بگٹی نے کہا کہ محرومیوں کے ذمہ دار پنجابی اور سندھی نہیں ہیں، بلوچستان کے مسائل کے ذمہ دار بلوچ خود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آوے کا آوا بگڑا ہوا ہے لیکن خوش (بقیہ نمبر 37)

وفاقی اردو یونیورسٹی میں روسی زبان سکھائی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی اردو یونیورسٹی میں گزشتہ روز روسی زبان سکھانے کے مرکز کا افتتاح کر دیا گیا ہے۔ افتتاحی تقریب کا آغاز پاکستان اور روس کے قومی ترانوں سے ہوا۔ تقریب میں شیخ الجامعہ پروفیسر ضابطہ خان شنواری قونصل جنرل رشین فیڈریشن آندرے وکٹوروچ فیدروف، کیماڑی سے رکن صوبائی اسمبلی آصف خان، آئی آر کے چیئرمین پروفیسر اصغر دستی، فیصل ایدھی، نائب قونصل جنرل رسلان ایم پروخروف، فیصل جاوید اور (بقیہ نمبر 38)

ندیم پہلوان سے سابق رستم پاکستان انعام بٹ کی ملاقات

فن پہلوانی کے فروغ کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور، وزیر کھیل سے ملاقات کا بھی فیصلہ

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان ریسلنگ ندیم پہلوان اور سابق رستم پاکستان انعام بٹ نے فن پہلوانی کو فروغ دینے کے لئے مل کر کاوشیں کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ملاقات میں فن پہلوانی کے فروغ کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور اور اس حوالے سے صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر سے ملاقات کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ چیئرمین پاکستان ریسلنگ ندیم پہلوان نے کہا کہ امید ہے کہ نئی حکومت کھیلوں کے فروغ خصوصاً فن پہلوانی کے لئے اقدامات اٹھائے گی۔ پہلوانی پنجاب کا قدیم ترین کھیل ہے لیکن اسے ہر دور میں نظر انداز کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس کھیل کے فروغ کے لئے اپنی تجاویز مرتب کر رہے ہیں جسے جلد وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پہلوانی کے کھیل کو فروغ دینے کے لئے بڑے جوڑ کرائے جائیں گے

ڈائریکٹر جنرل، بہبود آبادی ثمن رائے ریجنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ لاہور میں ٹریننگ حاصل کرنے والی ایف ڈبلیو سی ایس کے ہمراہ شجر کاری مہم کے سلسلے میں پودا لگانے کے بعد دعا کر رہی ہیں

ٹیوٹا اداروں اور لیبز کو عالمی تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائیگا، شافع حسین

مائیکرو چپ مینو فیکچرنگ مستقبل کی ضرورت، خصوصی توجہ دی جائے، نصاب عالمی مارکیٹ، مقامی انڈسٹری کی ضروریات کے مطابق تیار کیا جائے

ٹیوٹا کو عالمی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کیلئے روایتی انداز سے ہٹ کر کام کرنا ہوگا، صوبائی وزیر صنعت و تجارت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت ٹیوٹا سیکرٹریٹ میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں ٹیوٹا کی جاری ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت اور سی ایم یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے مختلف خدوخال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ٹیوٹا کے موجودہ اداروں میں بہتری لائے بغیر کوئی نیا ادارہ نہ بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 39)

آئی ایم ایف کی خوشنودی کیلئے مزید ٹیکس کا فیصلہ ظلم ہے، سنی علماء کونسل

اگر عوام پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ ڈالا گیا تو حالات قابو سے باہر ہو سکتے ہیں، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی خوشنودی کیلئے مزید ٹیکس لگانے کا فیصلہ ظلم ہے، حکمران پروٹوکول انجوائے کرنے کی بجائے وہی پیسے بچا کر آئی ایم ایف سے جان چھڑائیں، اگر عوام پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ ڈالا گیا تو حالات قابو سے باہر ہو سکتے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکمران خدا کے لئے ملک و قوم کو بیرونی (بقیہ نمبر 40)

لاہور، محنت کش بادامی باغ سبزی منڈی میں سٹے چھانٹی کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں لیور اور بون میرو ٹرانسپلانٹ سینٹرز بنانے کا فیصلہ

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈا پور کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں صوبے میں لیور ٹرانسپلانٹ سینٹر اور بون میرو ٹرانسپلانٹ سینٹر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سرجری بھی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے ان سینٹرز کے قیام کے لیے فنڈز ترجیحی بنیاد پر فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈا پور نے کہا کہ منصوبوں کو حتمی شکل دے (بقیہ نمبر 41)

فواد چوہدری کیخلاف تعمیراتی منصوبے میں خورد برد کیس میں سماعت بغیر کارروائی ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت میں سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کے خلاف تعمیراتی منصوبے میں خورد برد کیس میں سماعت بغیر کارروائی کے 3 اپریل تک ملتوی کر دی گئی۔ فواد چوہدری کو احتساب عدالت اسلام آباد پیش کیا گیا اس موقع پر فواد چوہدری کے وکیل فیصل فرید چوہدری عدالت پیش ہوئے۔ احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید کی عدم موجودگی کے باعث کارروائی آگے نہ بڑھ سکی۔ فوار چوہدری کے خلاف کیس کی سماعت بغیر کارروائی کے 3 اپریل تک ملتوی کر دی گئی، فوار چوہدری کی جانب سے عدالت میں دو نئی درخواستیں دائر کی گئیں۔

ڈولفن سکواڈ نے پی آئی اے سوسائٹی میں واردات ناکام بنا دی

تین ڈاکوؤں نے اہل خانہ کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنا رکھا تھا، ستو کتلہ پولیس کے حوالے کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈولفن سکواڈ نے پی آئی اے ہاؤسنگ سوسائٹی میں واردات ناکام بنا دی۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق تین ڈاکوؤں نے اہل خانہ کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنا رکھا تھا، شہری علی شان نے 15 پر کال کی جس پر ڈولفن ٹیم فوری موقع پر پہنچ گئی۔ ڈولفن و مقامی پولیس نے گھر کو گھیرا ڈال لیا اور 3 ڈاکو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈاکوؤں کے زیر استعمال گاڑی رائفل پسٹل و دیگر اسلحہ برآمد کر لیا (بقیہ نمبر 43)

کرپشن کیخلاف مہم، محکمہ معدنیات ترقی کی راہ پر گامزن ہے، بابر امان

منصفانہ اور شفاف نیلامی کے عمل کے نتیجے میں محکمہ معدنیات کو بڑی کامیابی حاصل ہوگئی

لاہور (این این آئی) صوبائی سیکرٹری معدنیات بابر امان بابر نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی کرپشن کے خلاف مہم کے نتیجے میں محکمہ معدنیات ترقی کی راہ پر گامزن ہے، منصفانہ اور شفاف نیلامی کے عمل کے نتیجے میں محکمہ معدنیات کو بڑی کامیابی حاصل ہوگئی ہے، بولی دہندگان کے درمیان سخت مقابلے کے نتیجے میں ضلع سرگودھا میں تین ارب روپے کی ریکارڈ بولیاں موصول ہوئیں۔ ماضی میں یہ ٹھیکہ جات ایک (بقیہ نمبر 44)

پنجاب، بہاولنگر کی تحصیل ہارون آباد میں خاتون سے اجتماعی زیادتی، مقدمہ درج

بہاولنگر (این این آئی) ضلع بہاولنگر کی تحصیل ہارون آباد میں 30 سالہ خاتون سے اجتماعی زیادتی کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ترجمان پولیس نے بتایا کہ ملزم 10 روز قبل خاتون کو شادی کا جھانسہ دے کر اپنے گھر لے گیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم خاتون کو شادی کا جھانسہ دے کر اپنے گھر لے گیا اور ساتھیوں سمیت ریپ کا نشانہ بنایا۔ ترجمان پولیس نے بتایا کہ متاثرہ خاتون کی مدعیت میں مقدمہ درج (بقیہ نمبر 42)

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

سنیئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید سٹیٹ لینڈ بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں